PR NO-05/2026

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ، اسلام آباد

Press Release

شکایت کنندگان کے لئے میرے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔وفاقی محتسب
ادارے کو ہر لحاظ سے موثر بنانے کی کوشش کی جائے گی۔نوید کامران بلوچ
وفاقی محتسب کا چارج سنبھالنے کے بعد ادارے کے افسران کے ساتھ پہلے اجلاس میں خطاب

اسلام آباد( )وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے کہا ہے کہ وفاقی محتسب کے ادارے کو ہر لحاظ سے مزید موثر بنانے کی کوشش ہوگی۔شکایت کنندگان کے لئے میرے دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ان کی شکایات کا ازالہ کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے اپنے ادارے کے افسران اور عملے کو ہدایت کی کہ وہ سرکاری اداروں کی بدانتظامی کے خلاف شکایت کنندگان کو انصاف فراہم کرنے کے لئے اپنی صلاحیتیں بھرپور طریقے سے استعمال کریں۔انہوں نے کہا کہ علاقائی دفاتر کو مزید فعال بنانے کی کوشش کی جائے گی۔وفاقی محتسب نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد ادارے کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس کے دوران خطاب کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں علاقائی دفاتر کے افسران نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس کے بعد وفاقی محتسب کو عملدرآمد،سمندر پار پاکستانیوں اور میڈیا سمیت ادارے کے مختلف شعبوں کے بارے میں تفصیلی بریفینگ دی گئی۔وفاقی محتسب نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں اس لحاظ سے خوش قسمت ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے رمضان المبارک کے بابرکت مہینے میں مجھے خدمت کا موقع دیا۔وفاقی محتسب نے کہا کہ اوورسیز پاکستانیز ہمارے ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں،ان کی شکایات ترجیحی بنیادوں پر حل کی جائیں۔انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے گا،انہوں نے کہا کہ پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے غریب عوام کی خدمت ہمارا اولین فرض ہے۔وفاقی محتسب کے 27 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز کے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پسماندہ اور دور دراز علاقوں کے غریب عوام کی خدمت ہمارا اولین فرض ہے اور اس فرض کو بطریق احسن پورا کیا جانا چاہیئے۔واضح رہے کہ نوید کامران بلوچ نے بدھ کو پاکستان کے 9ویں ریگولر وفاقی محتسب کے طور پر حلف اٹھایا تھا۔ایوان صدر میں صدر پاکستان آصف علی زرداری نے ایک سادہ اور پروقار تقریب میں ان سے حلف لیا۔نوید کامران بلوچ انتظامی و سرکاری معاملات کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں،ان کا تعلق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس سے ہے،وہ چیف سیکرٹری خیبر پختونخواہ کے علاوہ وفاقی سیکرٹری فنانس،سیکرٹری کیبنیٹ ڈویژن اور وزیراعلیٰ سندھ کے پرنسپل سیکرٹری سمیت اہم وفاقی اور صوبائی عہدوں پر خدمات سرانجام دے چکے ہیں۔وہ ورلڈ بینک کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کے طور پر بھی کام کرتے رہے ہیں۔انہوں نے لندن سکول آف اکنامکس سے سوشل پالیسی اینڈ پلاننگ میں ماسٹرز کی ڈگری حاصل کر رکھی ہے۔نوید کامران بلوچ کا تعلق صوبہ سندھ کے ضلع نوشہرو فیروز سے ہے۔

(خالدسیال)

کنسلٹنٹ(میڈیا)

03335333266

06مارچ2026ء